اداریہ

جہات الاسلام کے علمی سفر کا آغاز جون۔دسمبر۲۰۰۷ء میں ہوا۔نہایت مستقل مزاجی کے ساتھ اپنی اشاعت کے سات سال مکمل کر چکا ہے۔اب تک چودہ شمارے منصۂ شہود پر آچکے ہیں۔

اشاعت کے آغاز ہی سے جن علمی و تحقیقی روایات کو اپنے لیے متعین کیا تھا اس پر سختی کے ساتھ گامزن ہے۔ یہ وجہ ہے کہ قومی و بین الاقوامی سطح پر مختصر عرصہ میں اس کی پزیرائی ہوئی۔ اندرون و بیرون ملک جرائد ورسائل نے اس پر تبصرے شائع کیے اور اہل علم نے خطوط وای میلز کے ذریعے اپنی آراء کا اظہار کیا جس میں بہتری کی تجاویز بھی سامنے آئیں۔ وفاقی وزارتِ مذہبی امور حکومت پاکستان، اسلام آباد کی طرف سے۲۰۱۳ء میں جہات الاسلام کے سیرت النبی ﷺ نمبر کو ایوارڈ سے بھی نوازا گیا ہے۔یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل و احسان اور اہل علم کے تعاون اور دلچسپی کے سبب ممکن ہوا۔

حالیہ کامیابی اس لحاظ سے بھی سب سے اہم ہے کہ ہائیر ایجوکیشن کمیشن پاکستان (جوکہ جامعاتی سطح پر تعلیمی، تدریسی، مالیاتی اور تحقیقی منصوبوں کو منضبط کرتا ہے۔) کی طرف سے مجلّہ جہات الاسلام کو باقاعدہ طور پر منظور کرلیا گیا ہے۔ ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے ڈپٹی ڈائریکٹر (اکیڈمکس) ڈاکٹر محمد طاہر علی شاہ کی طرف مدیر جہات الاسلام کے نام جاری کردہ مراسلہ نمبرDD/JOUR/JIHAT/SS&H/2014/599 مؤرخہ ۳۱مارچ ۲۰۱۴ء کے تحت پاکستانی مجلّات و رسائل کی درجہ بندی میں مجلّہ جہات الاسلام کو براہ راست "Y" درجہ میں منظوری کی اطلاع دی ہے۔اس مراسلہ کی اطلاع جناب وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی لاہور کو بھی دی گئی ہے۔ جہات الاسلام کی قومی سطح پر نمائندہ علمی ادارہ کی طرف سے پذیرائی پر وائس چانسلر نے مدیرۂ اعلیٰ اور ڈین محترمہ ڈاکٹر طاہرہ بشارت اور مدیر ڈاکٹر محمد عبداللہ کو خصوصی مبارک باد دی ہے۔

ایچ۔ای۔سی۔ نے صرف باضابطہ منظوری پر ہی اکتفاء نہیں کیا بلکہ مجلّہ کی مالی معاونت کے لیے ایک متعین رقم کی بھی منظوری دے دی ہے۔جس پر مجلس ادارت ایچ۔ای۔سی۔کے کارپردازان کا تہہ دل سے شکرگذار ہے۔ مذکورہ اقدامات سے یقیناً مجلّہ کے معیار میں مزید بہتری آئے گی اس لیے بھی کہ مجلس ادارت نے آغاز ہی سے

ایچ۔ای۔سی۔ کی شرائط کے مطابق جانچ پڑتال اور تدوین مضامین کا ایک طریقہ کار متعین کرلیا تھا جس کی پابندی بہرصورت کی جاتی ہے۔

ان حوصلہ افزاء اقدامات کے پیچھے اہل قلم کا تعاون، مدیر کی محنت ولگن اور قارئین کرام کی طرف سے بہتری کے لیے آراء کے ساتھ ساتھ ایچ۔ای۔سی۔ کی مجلّات کمیٹی کی سرپرستی بھی شامل ہے جس پر ہم بارگاہ الٰہ کے حضور سجدہ ریز ہیں۔

مجلّہ جہات الاسلام کی موجودہ اشاعت (جنوری۔جون۲۰۱۴ء، جلد:۷، شمارہ:۲) میں حسب سابق نامور ملکی اور غیر ملکی اہل علم کے مقالات شامل ہیں۔ اس علمی اور قلمی تعاون پر ہم ان کے تہہ دل سے شکر گذار ہیں۔

قارئین کرام سے التماس ہے کہ مجلّہ کے علمی واشاعتی معیار کے بارے میں اپنے نقطۂ نظر سے مدیر کو ضرور مطلع کریں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔

ڈاکٹر طاہرہ بشارت

مدیرہ اعلیٰ